# بوئنگ کے صدر اور سی ای او ڈیوڈ ایل کالھون سے وزیراعظم کی ملاقات

24جون 2023

وزیر اعظم جناب نریندر مودی نے 23 جون 2023 کو بوئنگ کے صدر اور سی ای او مسٹر ڈیوڈ ایل کالھون سے واشنگٹن ڈی سی میں ملاقات کی۔

2۔ وزیر اعظم اور مسٹر کالھون نے ہندوستان میں ہوا بازی کے شعبے بشمول ہوائی جہازوں کی دیکھ بھال، مرمت اور اوور ہال (MRO) کے ڈومین میں بوئنگ کی زیادہ موجودگی پر تبادلہ خیال کیا۔ وزیر اعظم نے بوئنگ کو ہندوستان میں خلائی مینوفیکچرنگ سیکٹر میں سرمایہ کاری کرنے کی بھی دعوت دی۔

**واشنگٹن ڈی سی**
**23 جون 2023**